14/04/2026

09.25AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **مسرت شاہ**

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ایک ایسا جموں کشمیر وجود میں لانے کی ضرورت پر زور دیا ہے جس میں نوجوان پوری دنیا کے لئے مشعلِ راہ بنیں۔سپورٹس سٹیڈیم کٹھوعہ میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس چیلنج کا پُر عزم طریقے پر مقابلہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔

------LG------

وزیرِ اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکار توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، بجلی کی فراہمی کو مستحکم کرنے اور جموں و کشمیر میں بڑھتی ہوئی طلب کو مو

ثر انداز میں پورا کرنے کے لیے اصلاحات کو تیز کرنے کے لئے پر عزم ہے۔ئ

ان باتوں کا اظہار انہوں نے مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں پارلیمانی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے ساتھ تبادلہ خیال کے دوران کیا۔ کمیٹی نے وزیرِ اعلیٰ کو اپنے دورے کے مقاصد سے آگاہ کیا۔ میٹنگ میں توانائی کے شعبے سے متعلق اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ وزیرِ اعلیٰ نے یقین دہانی کرائی کہ جموں و کشمیر حکومت کمیٹی کے کام میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

اس موقع پر ایم ایل اے گلمرگ پیرزادہ فاروق احمد شاہ بھی موجود تھے۔

بیساکھی

آج بیساکھی کا تہوار جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ یہ ربیع کی فصل کی کٹائی کا تہوار ہے اور اسی دن 1699 عیسوی میں گرو گوبند سنگھ جی نے سکھ مذہب میں خالصہ پنتھ کی بنیاد رکھی تھی۔

اس دن کی مناسبت سے آج گردواروں میں شبدھ، نگر کیرتن اور لنگر کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

وادی میں بیساکھی کے موقعے پر سب سے بڑی تقریب گردوارہ چھٹی پادشاہی ،کاٹھی دروازہ رعناواری سرینگر میں منعقد ہورہی ہے جہاں سکھ عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد گرو گرنتھ صاحب پاٹھ اور شبدھ کیرتن میں شرکت کررہی ہے۔

بیساکھی مبارک

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کابینی وزرائ، جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی ، ڈائریکٹرل جنرل جموں کشمیر ACBکشمیر وی کے بردی، صوبائی کمشنر انشل گرگ ، IGPپولیس نلن پربھات ، جموں JDU کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک، نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور کشمیر کے صدر جی ایم شاہین کے ساتھ ساتھ کئی دیگر شخصیات نے لوگوں کو بیساکھی کی مبارک باد دی ہے ۔

ریل

ریلوے کی جانب سے مسافروں کی سہولت کے لئے متعارف کئے گئے ریل وَن ایپ کے ذریعے مسافر ریل گاڑیوں اور سفر سے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں ۔ اس ایپ پر ریل ٹکٹ بھی بُک کئے جا سکتے ہیں ۔

------V/O------

امبیڈکر

آج آئینِ ہند کے معمار ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی 135 ویں جنم جینتی منائی جارہی ہے۔ اس موقع پر ملک بھر میں مختلف تقاریب کا انعقاد کیا جارہا ہے، جن میں ملک اور قوم کے تئیں ان کی خدمات اور آئین سازی میں ان کے کلیدی کردار کو یاد کیا جائے گا۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور دیگر کئی شخصیات نے امبیڈکر جینتی پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔

جنوبی کشمیر رینج کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس جاوید اقبال متو نے پولیس افسران کی ایک میٹنگ میں اننت ناگ ضلعے میں جرائم اور یو اے پی اے سے متعلق مقدمات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے مختلف معاملات کے فوری حل، موزون تفتیش برقرار رکھنے اور قانونی تقاضوں کی سختی سے پابندی پر زور دیا۔

DIG

جنوبی کشمیر رینج کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس جاوید اقبال متو نے پولیس افسران کی ایک میٹنگ میں اننت ناگ ضلعے میں جرائم اور یو اے پی اے سے متعلق مقدمات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے مختلف معاملات کے فوری حل، موزون تفتیش برقرار رکھنے اور قانونی تقاضوں کی سختی سے پابندی پر زور دیا۔

مہم

جموں و کشمیر میں منشیات کی لعنت کے خاتمے کے لیے شروع کی گئی 100 روزہ "نشہ مکت جموں و کشمیر" مہم کے تحت ضلع انتظامیہ سرینگر نے کل امر سنگھ کالج سرینگر میں ایک بڑے ضلع سطح کے پروگرام کا انعقاد کیا، جس میں اعلیٰ سول و پولیس افسران، کالج طلبہ، نوجوان رضاکاروں اور مختلف سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔

اس موقع پر دیگر شخصیات کے علاوہ ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو، ایس ایس پی ڈاکٹر سندیپ چکرورتی ، جوائنٹ ڈائریکٹر اطلاعات سید شاہنواز بخاری اور کالج کے پرنسپل پروفیسر اعجاز بھی موجود تھے۔

تقریب کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تمام شرکاءکو منشیات کے خلاف مہم کامیاب بنانے کاحلف دلایا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ7ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ